**بینک دولت پاکستان**

**شعبۂ فنانس**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 02 برائے 2025ء** **16 جون 2025ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام ایجنٹ بینک

محترم / محترمہ،

## روایتی نیا پاکستان سرٹیفکیٹس (سرٹیفکیٹس) میں سرمایہ کاری کے لیے معیاری طریقہ کار (SOPs)

براہ مہربانی، پاؤنڈ اسٹرلنگ (جی بی پی) اور یورو مالیت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس (این پی سیز) کے اجرا سے متعلق شعبہ فنانس سرکلر لیٹر نمبر 1 برائے 2021ء، بتاریخ 19 فروری 2021ء ملاحظہ فرمائیے۔

2. اس ضمن میں، اسٹیٹ بینک کے نوسٹرو (Nostro) اکاؤنٹ میں جی بی پی (برطانوی پاؤنڈ) مالیت والے سرٹیفکیٹس کی ترسیلاتِ زر کے بارے میں موجودہ ہدایات میں ترمیم کی گئی ہے، اور اب تمام ایجنٹ بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ جی بی پی مالیت والے سرٹیفکیٹس کی عرفی مالیت اسٹیٹ بینک کے درج ذیل نوسٹرو (Nostro) اکاؤنٹ میں منتقل کریں۔

| | |
|---|---|
| **وصول کنندہ کا جی بی پی نام:** | اسٹیٹ بینک آف پاکستان |
| **پتہ:** | آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان |
| **وصول کنندہ کا SWIFT کوڈ:** | SBPPPKKA |
| **بینک کا نام:** | ایچ بی ایل بینک یو کے، لندن |
| **بینک کا پتہ:** | 9- پورٹ مین اسٹریٹ، لندن W1H 6DZ، یو کے |
| **وصول کنندہ کا آئی بی اے این:** | GB90 HABB 6095 1170 0263 88 |
| **اکاؤنٹ نمبر:** | 70026388 |
| **سورٹ کوڈ:** | 60-95-11 |
| **بینک کا SWIFT کوڈ:** | HABBGB2L |

3. مذکورہ موضوع پر دیگر تمام ہدایات برقرار رہیں گی۔

4. براہِ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیے۔

آپ کا مخلص،

**(قادر بخش)**
ڈائریکٹر